انٹرنیٹ پر قرآنی معارف

دی اکیڈمی کمپیوٹرز

گذشتہ شمارے میں ہم نے آپ کی خدمت میں انٹرنیٹ پر موجود متعدد' ایسی Web Sites کے بارے میں معلومات فراہم کی تھیں جن میں قرآن یا قرآن سے متعلق مواد موجود ہے ۔ اس شمارے میں ہم انٹرنیٹ کی قرآنی دنیا کے چند مزید پتہ جات تفصیل کے ساتھ آپ کو آگاہ کریں گے ۔

قرآنی سورتوں کی روایتی اور حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب کا جائزہ لینے کے لئے درج ذیل سائٹ کو ملاحظہ فرمائیں :

http : // www.wam.umd.edu/ibrahim/quran

اسی سائٹ پر آپ سورتوں کے نمبر شمار اور ہر سورت میں موجود آیتوں کی تعداد کو جدول کی شکل میں ملاحظہ کرسکتے ہیں یوں آپ کے لئے سورتوں اور ان کی آیات تک رسائی بہت آسان ہو جائے گی ۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ کسی خاص موضوع سے مناسبت رکھنے والی آیات کا مشاہدہ کریں تو درج ذیل ویب سائٹ آپ کے لئے مناسب رہے گی:

http ://www.usc.edu/dept/MSA/quran/quraniq inedx.html

اس سائٹ پر انگریزی زبان کے حروف تہجی کے مطابق مختلف موضوعات درج ہونگے۔ سب سے پہلے آپ کو کسی خاص موضوع کا انتخاب کرنا ہوگا مثلاً اگر آپ کا ارادہ ہو کہ آپ قرآن میں تحریری معاہدے سے متعلق آیات تلاش کریں تو سب سے پہلے آپ کو موضوع "CONTRACT" کاانتخاب کرنا ہوگا پھر اس اصلی موضوعات کے ضمنی موضوعات ظاہر ہونگے مثلاً "Contract" کے تحت موضوع "WRITTEN . CONTRACT" ظاہر ہوجائے گا۔ اب جب آپ مطلوبہ ضمنی موضوع کا انتخاب کرلیں گے تو اس موضوع کے تحت موجود آیات کے سورہ نمبر اور آیت نمبر سامنے آجائیں گے مثلاً درج بالا موضوع کے تحت نمبر 2:282 ظاہر ہوگا جس کا معنی ہوگا کہ سورہ نمبر2 کی 282 ویں آیت۔ جب آپ اس آیت نمبر کا انتخاب کریں گے تو اس آیت کے انگریزی کے تین ترجمے ظاہر ہوں گے جو کہ عبداللہ یوسف علی، پکھتال اور شاکر کے تراجم ہیں۔ اب آپ اپنی مطلوبہ آیت کے ان تین تراجم کے درمیان موازنہ کرسکیں گے۔

ہر قرآنی سورت کا ایک شان نزول ہوتا ہے، اسی طرح ہر سورت کی ایک خاص اہمیت ہے اور اسی کے مطابق بعض موضوعات اس سورت میں بیان کئے جاتے ہیں۔ جناب مولانا ابو الاعلیٰ مودودی کا تحریر کردہ سورتوں کے بارے میں تعارف کا انگریزی ترجمہ اس وقت انٹرنیٹ پر موجود ہے درج ذیل ویب سائٹ کا ملاحظہ کیجیے:

http ://www.usc.edu/dept/MSA/quran/maududi

قرآنی سورتوں کا یہ تعارف دراصل مولانا مودودی کی تفہیم القرآن سے لیا گیا ہے یاد رہے کہ انٹرنیٹ پر پوری تفہیم القرآن موجود نہیں ہے بلکہ صرف سورتوں کا تعارف موجود ہے۔

قرآنی اور سائنس پر چند دلچسپ مقالات کے حصول کے لئے ملاحظہ کیجیے:

http : //www.usc.edu/dept/MSA/quran/dyktb.html

درج بالا سائٹ پر موجود مقالات جناب محمد تعلوی کے تحریر کردہ ہیں ۔ جناب محمد عبداللہ کا قرآن اور سائنس پر موجود مقالہ درج ذیل سائٹ سے لیا جاسکتا ہے :

http : //www.usc.edu/dept/MSA/quran/scis/am.html

اگر آپ چاہتے ہیں کہ تدوین قرآن کی مختصر تاریخ پر کوئی مقالہ حاصل کریں تو آپ کو درج ذیل سائٹ پر جانا ہو گا:

http : //www.usc.edu/dept.MSA.quran.compilation brief.html

دنیا کی زبانوں (انگریزی، ہسپانوی، فرانسیسی، اور جرمن) میں قرآنی الفاظ کی تلاش کا کام درج ذیل سائٹ پر جاکر کیا جاسکتا ہے :

http : //www.orst.edu/group/msa/quran/search.html

اس مضمون کے پہلے حصے میں ہم نے قرآنی آیات کی عربی عبارت کے حصوں کے حوالے سے ایک ویب سائٹ کا تعارف کروایا تھا:

http : //www.wam.and.edu/ sirt/Quran.html

اس ایڈریس کے علاوہ ہم آپ کو کچھ اور ویب سائٹس کا تعارف کروا رہے ہیں جہاں سے آپ پورے قرآن کی عربی عبارت حاصل کرسکتے ہیں ایک ایڈریس درج ذیل ہے :

http : //almnar.orq/qllqa.html

اس ایڈریس کے علاوہ ایک اور ایڈریس پر بھی جاکر عربی عبارت کا مشاہدہ کرسکتے ہیں جو خوبصورتی کے لحاظ سے سب سے بہتر ہو ایڈریس یہ ہے :

http : //www.unn.ac.uk/soueties/Islamic/quran/al index.html

اس ویب سائٹ پر قرآنی عبارت کے علاوہ آپ عبداللہ یوسف علی کے انگریزی ترجمے کا مشاہدہ بھی کرسکتے ہیں ۔

قرآن کی آیات کا عربی متن ڈاکٹر تقی الدین الھلالی اور ڈاکٹر محسن خان کے کئے گئے قرآنی تراجم کے مشاہدے کے لئے آپ کو درج ذیل سائٹ پر جانا ہوگا :

http : //www.unn.ac.uk/socielies/islamic/quran

تجوید قرآن سیکھنے کے لئے ہم آپ کی خدمت میں دو ویب سائٹس کا تعارف کروا رہے ہیں ۔ یہ سائٹس عربی زبان ہی میں اور تجوید سیکھنے کے لئے نہایت مناسب:

http : //www.duke.edu/maaz/tajweed/taq.html

http : //www.us.syr.edu/mutawa/tajweed tajweed.html